(گزشتہ و سالوں کے سوال نمبر)

# جامعۃ المدینہ فیضان دستگیر (کراچی)

## نوٹس: اتحاف المسلم + گناہوں کی معلومات

## طالب علم: محمد اویس بن محمد ناصر

## استاد محترم: علامہ محمد صدیق مدنی

سال 2025

مختصر سوال جواب

س01/13: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس دعا سے پناہ مانگی؟

ج: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس دعا سے پناہ مانگی جو قبول نہ ہو۔

س02/13: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "قیامت میں ایک شخص کو لایا جائے گا اور اسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا آگ میں اس کی انتڑیاں نکل پڑیں گی وہ پھرے گا جیسے گدھا چکی کے گرد پھرتا ہے" اس شخص کو یہ عذاب کس وجہ سے دیا جائے گا؟

ج: اس شخص کو یہ عذاب اس وجہ سے دیا جائے گا کہ وہ دوسروں کو تو نیکی کا حکم دیتا تھا لیکن خود نہیں کرتا تھا اور وہ دوسروں کو تو برائی سے روکتا تھا لیکن خود نہیں رکتا تھا۔

س03: اِنَّ ابغض الرجال الی اللہ الالدّ الخصم ترجمہ کریں۔

ج: بیشک اللہ پاک کے نزدیک سب سے ناپسندیدہ شخص وہ ہے جو زیادہ جھگڑالو ہے۔

Date: ________ 20____

س 04: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "دو لعنتی کاموں سے بچو" ذرا ان کا نام لکھیں۔

ج: (1) لوگوں کے راستے میں پاخانہ کرنا (2) سائے میں پاخانہ کرنا

س 05: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو قبروں سے گزرے جنہیں عذاب ہو رہا تھا۔ عذاب کی وجہ تحریر کریں۔

ج: (1) چغلی (2) پیشاب سے استبراء نہ کرنا

س 06: من توضأ فأحسن الوضوء خرجت خطاياه من جسده حتى تخرج من تحت أظفاره ترجمہ تحریر کریں۔

ج: جس نے وضو کیا اور اچھا وضو کیا تو اس کی خطائیں نکل جاتی ہیں اس کے جسم سے یہاں تک کہ (خطائیں) ناخنوں کے نیچے سے نکل جاتی ہیں۔

س 07: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب گھر میں تشریف لاتے تو سب سے پہلے کیا کام کرتے تھے؟

ج: مسواک کرتے تھے۔

س 08: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "اے بلال مجھے اس کام کے بارے میں بتاؤ جس کی وجہ سے میں نے تمہارے چلنے کی آہٹ جنت میں اپنے آگے سنی ہے" وہ کام تحریر کریں۔

ج: حضرت بلال رضی اللہ عنہ جب بھی وضو کرتے تھے تو نماز (تحیۃ الوضوء) ادا کرتے تھے۔

س 09: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "البصاق فی المسجد خطیئۃ" اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے۔

ج: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اَلْبُصَاقُ فِی الْمَسْجِدِ خَطِیْئَۃٌ۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "مسجد میں تھوکنا گناہ ہے۔"

س 10: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حبشی عورت کے انتقال کے بعد اسکی قبر پر جا کر نماز جنازہ کس عمل کی وجہ سے پڑھی؟

ج: وہ عورت مسجد میں قیام کرتی تھی اور صفائی و ستھرائی کرتی تھی۔

س 11: یمین غموس کسے کہتے ہیں؟

ج: کسی گزرے ہوئے یا موجودہ معاملے پر جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا یمین غموس کہلاتا ہے۔

س 12: یمین غموس کا حکم تحریر کریں۔

ج: جھوٹی قسم کھانا حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔

س 13: حدیث پاک میں بیان کردہ منافق کی تین نشانیوں میں سے کوئی دو نشانیاں تحریر کریں۔

ج: (1) جب بات کرے جھوٹ کہے (2) جب وعدہ کرے خلاف کرے۔

س 14: کسی شخص کو خاص کر کے لعنت دینے کا حکم تحریر کریں۔

ج: کسی شخص کو خاص کر کے لعنت دینا (مثلاً یوں کہنا زید پر لعنت ہو) جائز نہیں۔

س 15: گالی دینے کے گناہ میں مبتلا ہونے کے کوئی تین سبب تحریر کریں۔

ج: (1) غصہ (2) لڑائی جھگڑا (3) بری صحبت

س 16: فحش گوئی کا حکم تحریر کریں۔

ج: فحش گوئی گناہ اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔

س 17: راز فاش کرنے کی تعریف تحریر کریں۔

ج: کسی کی ایسی بات یا کام یا حالت کا علم ہونا جس کو وہ دوسروں پر ظاہر کرنا نہیں چاہتا تو
اس کو دوسروں پر ظاہر کرنا راز فاش کرنا ہے، چاہے وہ بات، کام، یا حالت اچھی ہو یا بری۔

س 18: راز فاش کرنے کے گناہ میں مبتلا ہونے کے کوئی تین سبب تحریر کریں۔

ج: (1) بغض و کینہ (2) حسد (3) لڑائی جھگڑے



CamScanner

Date: ______ 20__

س 19: نوحہ کرنے والیوں کی حدیث پاک میں کیا مذمت آئی ہے؟ تحریر کریں۔

ج: نوحہ کرنے والیوں کی قیامت کے دن دو صفیں بنائی جائیں گی، ایک صف جہنمیوں کی دائیں طرف اور دوسری بائیں طرف وہ جہنمیوں پر یوں بھونکتی رہیں گی جیسے کتے بھونکتے ہیں۔

س 20: چغلی کا حکم تحریر کریں۔

ج: چغلی سخت حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔

## سال 2025
## طویل سوال جواب

س 01: (الف) جو شخص کسی کو مسجد میں گمی چیز ڈھونڈتے سنے تو کیا کہے؟

ج: (الف) وہ شخص یہ کہے: "لَا رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ فَإِنَّ الْمَسَاجِدَ لَمْ تُبْنَ لِهٰذَا۔

س 01: (ب) "من غدا الى المسجد او راح، اعد الله له في الجنة نزلا كلما غدا او راح" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

ج: مَنْ غَدَا إِلَى الْمَسْجِدِ أَوْ رَاحَ، أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُ فِي الْجَنَّةِ نُزُلًا كُلَّمَا غَدَا أَوْ رَاحَ۔
جو دن یا شام کے وقت مسجد کی طرف چلے اللہ پاک اس کیلئے جنت میں مہمان نوازی تیار فرمائے گا۔

س 02: "وما اجتمع قوم في بيت من بيوت الله يتلون كتاب الله ويتدارسونه بينهم الا نزلت عليهم السكينة وغشيتهم الرحمة وحفتهم الملائكة وذكرهم الله فيمن عنده" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

ج: وَمَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِي بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِ اللّٰهِ يَتْلُونَ كِتَابَ اللّٰهِ وَيَتَدَارَسُونَهُ بَيْنَهُمْ إِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ
ترجمہ: کوئی قوم ایسی نہیں ہے جو اللہ پاک کے گھروں میں سے کسی گھر میں جمع ہوتی ہے اور اللہ کی کتاب (قرآن) کی تلاوت کرتی ہے اور اسے آپس میں ایک دوسرے کو سکھاتی ہیں مگر یہ کہ ان پر سکینت نازل ہوتی ہے رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ہے فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں اور اللہ پاک

Date: 20

اس عبادت سے اللہ ذکر فرشتوں سے فرماتا ہے۔

س: وعدہ خلافی کی تعریف، دو مثالیں اور حکم تحریر کریں۔

ج: تعریف:

وعدہ کرتے وقت ہی نیت یہ ہو کہ میں جو کہہ رہا ہوں وہ نہیں کروں گا تو یہ وعدہ خلافی ہے۔

مثالیں:

(1) کسی شخص سے مقررہ وقت پر آنے کا وعدہ کیا لیکن دل میں یہ نیت ہے کہ نہیں آؤں گا۔

(2) وعدہ کیا کہ فلاں تاریخ کو تمہیں رقم ادا کر دوں گا لیکن دل میں ہے کہ نہیں کروں گا۔

حکم:

وعدہ خلافی یعنی پورا کرنے کی نیت سے وعدہ کرنا جان بوجھ کر جھوٹ بولنا اور حرام کام ہے۔

س 04: پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جب میری امت ان چھ چیزوں کو حلال سمجھنے لگے گی تو ہلاکت میں مبتلا ہو جائے گی" کوئی پانچ تحریر کریں۔

ج: (1) ایک دوسرے پر لعنت کرنا (2) شراب پینا (3) ریشم کا لباس پہننا (4) گانے والی عورتیں رکھنا (5) مردوں کا مردوں پر (6) اور عورتوں کا عورتوں پر اکتفاء کرنا۔

س 05: گالی کی تعریف، دو مثالیں، اور کسی مسلمان کو گالی دینے کا حکم تحریر کریں۔

ج: انسان کی عزت کے بارے میں ایسی بات کہنا جو اسے عیب دار کرے۔

گالی دینے کی چند مثالیں:

کسی کو فاسق، فاجر، احمق یا بدکار وغیرہ کہنا۔

گالی دینے کا حکم:

مسلمان کو بلا وجہ شرعی گالی دینا سخت حرام ہے۔

Date: ........ 20..

# سال 2024
## مختصر سوال جواب

س 01: افضل الصیام بعد رمضان شھر اللہ المحرم وافضل الصلاۃ بعد الفریضۃ صلاۃ اللیل اعراب لگائیے۔

ج: اَفْضَلُ الصِّیَامِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ وَاَفْضَلُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْفَرِیْضَةِ صَلَاةُ اللَّیْلِ۔

س 02: "من سرہ ان ینجیہ اللہ من کرب یوم القیامۃ فلینفس عن معسر او یضع عنہ" اعراب لگائیے۔

ج: مَنْ سَرَّهُ اَنْ یُّنْجِیَهُ اللّٰهُ مِنْ كُرَبِ یَوْمِ الْقِیَامَةِ فَلْیُنَفِّسْ عَنْ مُعْسِرٍ اَوْ یَضَعْ عَنْهُ

س 03: یقول اللہ "الیوم امنعک فضلی کما منعت فضل مالم تعمل یداک" ترجمہ تحریر کریں۔

ج: اللہ پاک فرمائے گا آج میں تجھ سے اپنا فضل روک لیتا جیسے تو نے اپنا اضافی پانی روک لیا۔

س 04: شرک کسے کہتے ہیں؟

ج: شرک کے معنی ہیں اللہ کے سوا کسی اور کو خدا جاننا یا عبادت کے لائق سمجھنا یا اللہ تعالیٰ کی صفات جیسی کے اس میں ہیں کسی اور میں ماننا۔

س 05: گمراہی کیا ہے؟

ج: ضروریاتِ مذہبِ اہلسنت میں سے کسی بات کا انکار کرنا گمراہی ہے۔

س 06: قرآن مجید یاد کر کے بھول جانے کے کتاب میں بیان کردہ دونوں سبب تحریر کریں۔

ج: (1) یاد کرنے کے بعد دہرائی نہ کرنا (2) گناہ

س 07: اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹ باندھنے کا حکم تحریر کریں۔

ج: اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھنا گناہ کبیرہ ہے۔

س 08: نسیان موت کی تعریف کریں۔

ج: دنیا اور مال و دولت کی محبت و گناہوں میں غرق ہو کر موت کو بالکل بھلا دینا نسیان موت کہلاتا ہے۔

س 09: "فمن کانت ہجرتہ الی دنیا یصیبہا او الی امراۃ ینکحہا فہجرتہ الی ما ہاجر الیہ" ترجمہ کریں۔

ج: پس جس کی ہجرت دنیا حاصل کرنے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کیلئے ہو اس کی ہجرت اسی طرف ہو گی جس کیلئے کی۔

س 10: "ومن ہم بسیئۃ فلم یعملہا لم تکتب علیہ وان عملہا کتبت" ترجمہ کریں۔

ج: جس نے کسی برائی کا ارادہ کیا اور اس پر عمل نہیں کیا تو اس پر نہیں لکھی جاتی اور اگر اس (برائی) پر عمل کیا تو لکھی جاتی ہے۔

س 11: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون سے علم سے پناہ مانگی ہے؟

ج: جو علم نافع نہ دے۔

س 12: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کے مطابق کوئی ایک ایسا عمل تحریر کریں جو عذاب قبر کا سبب ہو۔

ج: چغل خوری۔

س 13: رکوع و سجود میں امام سے پہلے سر اٹھانے والے کی کیا وعید بیان کی گئی ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ اس کے سر کو گدھے کے سر جیسا بنا دے گا یا اس کی شکل کو گدھے کی شکل جیسا بنا دے گا۔

س 14: "رکعتا الفجر خیر من الدنیا وما فیہا" ترجمہ کریں۔

ج: فجر کی دو رکعتیں دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے سب سے بہتر ہے۔

س 15: "نہی عن الخصر فی الصلاۃ" میں خصر سے کیا مراد ہے؟

ج: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز میں پہلو پر ہاتھ رکھنے سے منع فرمایا۔

Date ________ 20 ____

16
س: بغض و کینہ کسے کہتے ہیں؟

ج: کینہ یہ ہے کہ انسان اپنے دل میں کسی کو برا جانے، اس سے غیر شرعی دشمنی و بغض رکھے، نفرت کرے اور یہ کیفیت ہمیشہ باقی رہے۔

17
س: حج سے محرومی کا کوئی ایک سبب کچھ وضاحت سے تحریر کریں۔

ج: بخل ہے کہ حج کرنے میں کثیر مال خرچ کرنا پڑتا ہے اور بعض لوگ محض اس وجہ سے حج فرض ہونے کے باوجود ادا کرنے سے محروم رہتے ہیں۔

18
س: عنادِ حق کی تعریف کریں۔

ج: عنادِ حق کا لغوی معنی ہے "حق سے اعراض کرنا" کسی دینی بات کو سچ (درست) جاننے کے باوجود ہٹ دھرمی کی بناء پر اس کی مخالفت کرنا عنادِ حق کہلاتا ہے۔

19
س: تحقیرِ مساکین سے کیا مراد ہے؟

ج: تحقیرِ مساکین یعنی غریبوں اور مسکینوں کو گھٹیا جاننا اور ان کی توہین کرنا، غریبوں اور مسکینوں کی وہ تحقیر جو ان کی غربت یا مسکینی کی وجہ سے ہو تحقیرِ مساکین کہلاتی ہے۔

20
س: شماتت کی تعریف کریں۔

ج: اپنے کسی نسبی یا مسلمان بھائی کے نقصان یا اس کو ملنے والی مصیبت و بلا کو دیکھ کر خوش ہونے کو شماتت کہتے ہیں۔

Page No. ____ TEACHER Teacher's Signature

Date: ______ 20___

# سال 2024
## طویل سوال جواب

س01: "من سن في الاسلام سنة حسنة فله اجرها واجر من عمل بها من بعده من غير ينقص من اجورهم شیء، ومن سن في الاسلام سنة سيئة كان عليه وزرها ووزر من عمل بها من بعده من غير ان ينقص من اوزارهم شیء" اعراب لگا کر روایت کا خلاصہ تحریر کریں۔

ج: "مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهُ أَجْرُهَا وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مَنْ بَعْدَهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ"

خلاصہ: جس نے اسلام میں اچھا طریقہ جاری کیا تو اس کیلئے اس کا ثواب ہے اور ان کا بھی ثواب ہے جنہوں اس پر عمل کیا اور جنھوں نے اس پر عمل کیا ان کے ثواب میں کسی بھی قسم کی کمی نہیں ہوگی۔ اور جس نے اسلام میں بُرا طریقہ جاری کیا تو اس پر اس کا گناہ ہے اور ان کا گناہ بھی ہے جنھوں نے اس پر عمل کیا۔ اور جنھوں نے اس پر عمل کیا ان کے گناہ میں کسی قسم کی بھی کمی نہیں ہوگی۔

س02: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: "اذا قرا ابن آدم السجدة فسجد اعتزل الشيطان يبكي يقول: يا ويله وفي رواية: يا ويلي امر ابن آدم بالسجود فسجد فله الجنة وامرت بالسجود فابيت فلي النار" ترجمہ کریں۔

ج: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جب ابن آدم سجدۂ تلاوت پڑھتا ہے پھر سجدہ کرتا تو شیطان دور بیٹھ کر روتا ہے اور کہتا ہے ہائے میری خرابی۔ ابن آدم کو سجدے کا حکم دیا گیا اور اس نے سجدہ کیا تو اس کیلئے جنت ہے اور جبکہ مجھے سجدے کا حکم دیا گیا اور میں نے انکار کیا اب میرے لئے دوزخ ہے۔

س03: جھوٹی قسم کے کوئی تین (3) سبب تحریر کریں۔

ج: (1) غلطی پر ہونے کے باوجود خود کو سچا ثابت کرنے کیلئے بہت مرتبہ جھوٹی قسم کھائی جاتی ہے۔
(2) دنیاوی نفع کا حصول۔
(3) بات بات پر قسمیں کھانے کی عادت کہ ایسے شخص کا جھوٹی قسم میں مبتلاء ہونے کا قوی اندیشہ ہوتا ہے۔

Date: ________ 20 ___

س۴: خود پسندی کی تعریف، نقصان، اور حکم تحریر کریں؟

ج: خود پسندی کی تعریف:

خود پسندی کا معنی ہے "اپنے آپ کو نیک سمجھنا، کسی نعمت کو بڑا جاننا، اس پر مطمئن ہونا اس بات کو بھول جانا کہ اس کی نسبت منعم حقیقی یعنی اللہ پاک کی طرف ہے۔

خود پسندی کا نقصان:

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اگرچہ تم سے کوئی گناہ سرزد نہ ہو لیکن مجھے تم پر گناہ سے بھی بڑے جرم کا خوف ہے اور وہ خود پسندی ہے" اس فرمانِ مبارک میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود پسندی کو بہت بڑا گناہ قرار دیا۔

ایک اور نقصان یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "گناہوں پر نادم ہونے والا اللہ پاک کی رحمت کا منتظر ہوتا ہے جبکہ خود پسندی کرنے والا اللہ کی ناراضی کا منتظر ہوتا ہے۔

خود پسندی کا حکم:

خود پسندی ناجائز و ممنوع و گناہ ہے۔

س۵: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: "ما من صاحب ذھب لا فضۃ لا یؤدی منھا حقھا الا اذا کان یوم القیامۃ صفحت لہ صفائح من نار فاحمی علیھا فی نار جھنم فیکوی بھا جنبہ و جبینہ و ظھرہ اعراب لگا کر خلاصہ تحریر کریں:

ج: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: "مَا مِنْ صَاحِبِ ذَھَبٍ لَا فِضَّۃٍ لَا یُؤَدِّیْ مِنْھَا حَقَّھَا اِلَّا اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَۃِ صُفِّحَتْ لَہٗ صَفَائِحُ مِنْ نَارٍ فَاُحْمِیَ عَلَیْھَا فِیْ نَارِ جَھَنَّمَ فَیُکْوٰی بِھَا جَنْبُہٗ وَ جَبِیْنُہٗ وَ ظَھْرُہٗ"۔

خلاصہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص سونے اور چاندی (کے نصاب) کا مالک ہو اور اس کا حق (زکوٰۃ) ادا نہ کرے تو قیامت کے دن اس کیلئے آگ کی تختیاں بنائی جائیں گی وہ تختیاں دوزخ کی آگ میں گرم کی جائیں گی اور ان سے اس شخص کے پہلو، اس کی پیشانی اور اس کی پشت (پیٹھ) کو داغا جائے گا۔



CamScanner

Date: ________ 20____

# سال 2023
## مختصر سوال جواب

س 01: ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال: لیس من نفس تقتل ظلما الا کان علی ابن آدم الاول کفل منها
ترجمہ کریں۔

ج: کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ظلماً قتل کیا گیا اس کا گناہ آدم علیہ السلام کے بیٹے (قابیل)
پر بھی ہوگا کیونکہ قتل کا طریقہ سب سے پہلے اس نے جاری کیا۔

س 02: من سمع رجلا ینشد ضالۃ فی المسجد فلیقل: لا ردھا اللہ علیک فان المساجد لم تبن لھذا ترجمہ کریں

ج: جو شخص مسجد میں کسی کو گمشدہ چیز کا اعلان کرتے سنے تو وہ کہے "اللہ تجھے اس سے نہ ملائے
بیشک مسجدیں ان چیزوں کیلئے نہیں بنائی گئیں۔

س 03: عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال: بنی الاسلام علی خمس شھادۃ ان لا الہ الا اللہ وان محمد رسول اللہ
واقام الصلاۃ و ایتاء الزکاۃ اعراب لگائیں۔

ج: عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: "بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَھَادَۃُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا
رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَ اِقَامُ الصَّلٰوۃِ وَ اِیْتَاءُ الزَّکٰوۃِ"

س 04: خیر صفوف الرجال اولھا و شرھا آخرھا، وخیر صفوف النساء آخرھا و شرھا اولھا ترجمہ
کریں۔

ج: مردوں کی سب سے بہترین (زیادہ اجر والی) صف پہلی ہے اور کم اجر والی صف آخری ہے، اور
عورتوں کی سب سے بہترین (زیادہ اجر والی) صف آخری ہے اور کم اجر والی صف پہلی ہے۔

س 05: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: "خیر یوم طلعت علیہ الشمس یوم الجمعۃ فیہ خلق
آدم وفیہ ادخل الجنۃ وفیہ اخرج منھا"

ج: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "سب سے بہتر دن جس پر سورج طلوع ہوا جمعہ کا
دن ہے اسی دن حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو پیدا کیا گیا اور اسی دن ان کو جنت میں داخل کیا
گیا اور اسی دن وہ جنت سے باہر تشریف لائے۔"

Date ______ 20 ___

س 6: الید العلیا خیر من الید السفلیٰ الید العلیا ھی المنفقۃ والسفلیٰ ھی السائلۃ ترجمہ کریں۔

ج: اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے کہ اوپر والا ہاتھ دینے والا اور نیچے والا ہاتھ مانگنے والا ہے۔

س 7: ما اکل احد طعاما قط خیرا من ان یاکل من عمل یدہٖ وان نبی اللہ داؤد علیہ السلام کان یاکل من عمل یدہٖ۔ ترجمہ کریں۔

ج: سب سے بہتر کھانا وہ ہے جو اپنے ہاتھ کی کمائی سے کمایا جائے اور اللہ پاک کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھاتے ہیں۔

س 8: ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم قال "لایحل للمراۃ ان تصوم وزوجھا شاھد الا باذنہٖ ولا تاذن فی بیتہٖ الا باذنہٖ۔ ترجمہ کریں۔

ج: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا "عورت کیلئے جائز نہیں کہ وہ اپنے شوہر کے حاضر ہوتے ہوئے اس کی اجازت کے بغیر (نفلی) روزہ رکھے اور شوہر کی اجازت کے بغیر کسی کو گھر میں داخلے کی اجازت دے یہ بھی جائز نہیں۔

س 9: اقرؤوا القرآن فانہٗ یاتی یوم القیامۃ شفیعا لاصحابہٖ ترجمہ کریں۔

ج: قرآن پڑھو بیشک یہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کیلئے شفیع (سفارش کرنے والا) بن کر آئے گا۔

س 10: زکوٰۃ نہ دینے کا حکم تحریر کریں۔

ج: زکوٰۃ نہ دینا گناہ کبیرہ اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔

س 11: سود کی حرمت کے منکر کا کیا حکم ہے؟

ج: سود کی حرمت کا منکر کافر ہے۔



CS CamScanner

Date: ______ 20__

س 12: جہنم میں غی نامی وادی کن لوگوں کیلئے ہے؟

ج: نمازیں قضا کرنے والوں کیلئے ہے۔

س 13: شریعت میں گالی کسے کہا جاتا ہے؟

ج: انسان کی عزت کے بارے میں کوئی ایسی بات کہنا جو اسے عیب دار کر دے اسے شریعت میں گالی کہا جاتا ہے۔

س 14: کراہیت عمل کی تعریف لکھیں۔

ج: نیک اور اچھے اعمال کو ناپسند کرنا کراہیت عمل کہلاتا ہے۔

س 15: تکبر کی تعریف لکھیں۔

ج: خود کو افضل اور دوسروں کو حقیر جاننے کا نام تکبر ہے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "تکبر حق کی مخالفت اور دوسروں کو حقیر جاننے کا نام ہے۔ امام راغب اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں "تکبر یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھے۔

س 16: طمع کی تعریف لکھیں۔

ج: کسی چیز میں حد درجہ دلچسپی کی وجہ سے نفس کا اس کی جانب راغب ہونا طمع یعنی لالچ کہلاتا ہے۔

س 17: مداہنت کی تعریف لکھیں۔

ج: برائی (یعنی شریعت کے خلاف کوئی کام) دیکھے اور اس کو روکنے پر قادر ہو لیکن کسی والہانہ کرتے ہوئے نہ روکے یا دین کے معاملے کی زیادہ پرواہ نہ کرنے کی وجہ سے اس کو نہ روکے تو یہ مداہنت ہے۔



CamScanner

Date: ________ 20

# سال 2023
## طویل سوال جواب

س 01: بینما موسی یمشی فی ملا من بنی اسرائیل جاءہ رجل فقال هل تعلم احد اعلم منك قال موسی لا فاوحی اللہ الی موسی بلی عبدنا خضر فسال موسی سبیل الیه "اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔"

ج: بَیْنَمَا مُوسٰی یَمْشِی فِی مَلَاٍ مِّنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ جَاءَہٗ رَجُلٌ فَقَالَ هَلْ تَعْلَمُ اَحَدًا اَعْلَمَ مِنْكَ قَالَ مُوسٰی لَا فَاَوْحَی اللّٰهُ اِلٰی مُوسٰی بَلٰی عَبْدُنَا خَضِرٌ فَسَاَلَ مُوسٰی سَبِیْلَ اِلَیْهِ۔

ترجمہ: ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے گروہ میں چل رہے تھے ایک مرد آیا اور عرض کی کیا آپ سے زیادہ کوئی جانتا ہے آپ نے فرمایا نہیں تو اللہ نے آپ کی طرف وحی بھیجی کیوں نہیں میرا بندہ خضر ہے، آپ نے ان کے راستے کے بارے میں پوچھا۔

س 02: ما من عبد مسلم یصلی للہ کل یوم ثنتی عشرۃ رکعۃ تطوعا غیر فریضۃ الا بنی اللہ له بیتا فی الجنۃ، أو الا بنی له بیت فی الجنۃ اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

ج: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ یُصَلِّیْ لِلّٰهِ كُلَّ یَوْمٍ ثِنْتَیْ عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا غَیْرَ فَرِیْضَةٍ اِلَّا بَنَی اللّٰهُ لَهٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ أَوْ اِلَّا بُنِیَ لَهٗ بَیْتٌ فِی الْجَنَّةِ۔

ترجمہ: جو مسلمان بندہ اللہ کیلئے ہر دن بارہ (12) رکعات سنت مؤکدہ ادا کرتا ہے اللہ اس کیلئے جنت میں گھر بنائے گا یا اس کیلئے جنت میں گھر بنایا جائے گا۔

س 03: نماز قضاء ہونے کے 4 اسباب لکھیں۔

ج: (1) بے نمازیوں کی صحبت (2) سستی و کاہلی (3) مال جمع کرنے کی حرص کہ ایسے لوگ کاروبار وغیرہ میں مشغولیت کے سبب نماز پڑھنے میں کوتاہی کرتے ہیں۔ (4) لہو و لعب (کھیل کود) اور فضول کاموں میں کثرت سے مشغولیت کہ فضولیات میں پڑ کے آدمی کے دل سے اپنا قیمتی وقت ضائع ہونے کا احساس جاتا رہتا ہے اور اس کو ہر وقت انہیں کی فکر رہتی ہے۔

س 04: غیبت کے متعلق کوئی 4 احکام لکھیں۔

ج: (1) غیبت گناہ کبیرہ، قطعی حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے (2) غیبت کو حلال جاننے والا کافر ہے (3) غیبت کرنے والا فاسق و گنہگار اور عذاب نار کا حقدار ہوتا ہے۔ (4) بغیر کسی مجبوری کے غیبت سننے والا بھی غیبت کرنے والے ہی کی طرح گنہگار ہوتا ہے۔

Date: ______ 20 ___

05

س: ریاکاری کی تعریف لکھتے ہوئے ریاکاری کی مذمت پر قرآن کریم کی آیت یا اس کا ترجمہ یا اس کا مفہوم لکھیں۔

ج: ریاکاری کی تعریف:

ریا کا لغوی معنی ہے "دکھاوا" اللہ پاک کی عبادت کے ذریعے بندوں کا ارادہ کرنا ریا کہلاتا ہے۔ یا کسی عمل میں اللہ پاک کے علاوہ کسی اور کا لحاظ رکھتے ہوئے عمل کرنا اور اخلاص کو چھوڑ دینا ریا کہلاتا ہے۔

آیت مبارکہ:

ترجمہ کنزالایمان:

اے ایمان والوں اپنے صدقے باطل نہ کر دو احسان رکھ کر اور ایذا دے کر اس کی طرح جو اپنا مال لوگوں کے دکھاوے کیلئے خرچ کرے۔